Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ر شعبان ۱۳۴۱ھ مطابق ۹ر اپریل ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۲ر مارچ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات ۔ محمد فصیح ہیڈ ڈرافٹسمین صیغہ انہار کی تنخواہ موجودہ میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ محنت و ہوشیاری منظور فرمایا گیا ۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ	نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ [illegible]	۱	۱۲	[illegible]	۳
۲	[illegible]	۲	۱۳	[illegible]	۳
۳	[illegible]	۲	۱۴	[illegible]	۳
۴	[illegible]	۲	۱۵	[illegible]	۳
۵	[illegible]	۲	۱۶	[illegible]	۳
۶	[illegible]	۲	۱۷	[illegible]	۴
۷	[illegible]	۲ و ۳			
۸	[illegible]	۳			
۹	[illegible]	۳			
۱۰	[illegible]	۳			
۱۱	[illegible]	۳			

تبادلہ و تقرر

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹیری بہادر شرف الدین خان ہیڈ کلرک تباد بتنخواہ موجودہ بجلی گھر کے دفتر کو بعہدہ سپروائزر منظور ہو کر بجائے ان کے سید نذیر حسین کا تقرر بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار بکم اپریل سنہ ۱۹۲۳ء سے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

منشی فیروز شاہ خان تحصیلدار سوار کا انتقال ہو گیا ہے اور یہ جگہ خالی ہے سید آل حسن کو اپنی موجودہ تنخواہ پر تحصیلدار سوار مقرر کیا جاتا ہے۔ آپ ۔ ۔ ۔ اے ۔ ڈی سی۔ نہیں رہیں گے۔

۲۔ منشی مظہر علی خان خلف منشی محمد حشمت علی خان کو مشاہرہ ایک سو روپیہ ماہوار بجائے سید آل حسن اے۔ ڈی۔ سی۔ مقرر کیا جاتا ہے۔ اور لفٹنٹ کا رینک دیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔



روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹیری بہادر واقع ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

روزانہ آمدنی جیل و بجلی گھر کی معلوم ہونیکی ضرورت ہے جسکے لئے روزانہ نقشہ کیش بک کا دونوں صیغوں سے اجلاس میں آنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

حکم ہوا کہ

جیل و بجلی گھر میں جسقدر آمدنی روزانہ ہو۔ روز کی روز سیاہہ سرکار کی جائے جیل او بجلی گھر سے روزانہ نقشہ آمدنی اجلاس میں بھیجا جایا کرے اور کارخانہ جیل و بجلی گھر کا نقشہ نفع نقصان بھی ہر ماہ پر اجلاس میں آیا کرے جسکی جانچ سررشتہ آڈٹ ہوا کرے گی نقشہ روزانہ کی خانہ حسب ذیل ہیں گے اس نمونہ کے مطابق فارم طبع کرائے جائیں۔ جس روز کچھ آمدنی نہ ہو اوس دن کا بھی نقشہ اجلاس میں آیا کرے بجلی گھر کے نقشہ روزانہ پر العبد کی جگہ تحویلدار کے دستخط ہوا کریں اور اس پر اوور سیر انجنیر صاحب برقی روشنی کے دستخط ہوا کریں ایسے ہی جیل کے روزانہ نقشہ پر العبد کی جگہ رقم سیاہہ کرنے والے کے دستخط اور اوپر سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل و جیلر کے دستخط ہوا چاہئیں احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل بخدمت جناب فائنانس سکرٹیری بہادر بغرض اطلاع سررشتہ آڈٹ بھیجی جائے ایک نقل فائل بابت اجلاس میں چسپان ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو بجلی گھر سے روزانہ نقشہ انگریزی و نیز اردو میں آیا کرے گا۔ دستخط صاحب ہوم سکرٹیری بہادر

جنرل کیش بک آمدنی ریاست رامپور۔ واقع ۔ ماہ ۔ سنہ ۱۹۲ء

نمبر شمار	[illegible]	تفصیل آمدنی			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
		[illegible]	[illegible]	[illegible]					

مخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹیری بہادر

رخصت

۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر میونسپل افسر صاحب۔ مزید رخصت تین ماہ منشی شوکت علیخان اہلمد میونسپلٹی کی بوجہ علالت بانتظام سابقہ منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹیری بہادر واقع ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری نے جو طریق عمل ادخال روپیہ کا رکھا تھا وہ لائق ترمیم ہے جسکی بابت زبانی بھی صاحب انچارج کو سمجھا دیا گیا ہے۔ مناسب ہے کہ جملہ ٹھیکہ داران آبکاری و مسکرات کو متنبہ کر دیا جائے کہ جب وہ روپیہ داخل کرنے کو آویں تو داخلہ سررشتہ آبکاری سے لکھوا کر خزانہ میں بھرا ہی ملازم آبکاری خزانہ میں روپیہ داخل کرکے رسید حاصل کریں آبکاری کے کسی ملازم کو روپیہ نہ دیا کریں اگر کوئی آبکار ایسا کریگا تو وہ خود ذمہ دار ہوگا۔ جملہ ملازمان آبکاری کو بھی ہدایت کر دیجائے کہ وہ روپیہ نہ لیا کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا تعمیلاً بخدمت صاحب انچارج سپرنٹنڈنٹ آبکاری مرسل ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم اپریل ۱۹۲۳ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس راج بہادر نقشہ نویس کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بحیثیت تنخواہ باد دیعلی سنہ استعفی سے منظور کیا گیا۔

رخصت

۴ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔ دس یوم کی رخصت صاحب مہتمم بندوبست کی بغرض شرکت شادی منظور ہوئی تا واپسی صاحب موصوف ناظر صاحب معمولی کام انجام دیںگے۔

عطائے اختیارات

۵ اپریل ۱۹۲۳ء

سید آل حسن صاحب۔ اے۔ ڈی۔ سی کو (جو بجائے منشی فیروز شاہ خان صاحب تحصیلدار سوار مقرر ہوئے ہیں) اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم عطا کئے گئے۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۹ مارچ ۱۹۲۳ء

نقل حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مشعر تحریر سیشن جج صاحب معہ تحریر صاحب ہوم سکریٹری بہادر مشعر اسکے کہ نقل روبکار نمبر ۱۵ جنوری ۱۹۲۳ء بابت تعین فیس حاضری عدالت ڈاکٹر صاحبان میں تعین فیس سب اسسٹنٹ سرجن و اسپیشل اسسٹنٹ سرجن یعنی میڈیکل ڈاکٹر پانچ پانچ روپیہ درج ہے۔ چونکہ سب اسسٹنٹ سرجن کا درجہ بہت بڑا ہے اسلئے اسپیشل اسسٹنٹ سرجن یعنی میڈیکل ڈاکٹر کی فیس حاضری عدالت بجائے (پانچروپیہ) کے تین روپیہ مقرر فرمائی جاوے۔

حکم

شامل مثل پیش ہوکر واضح ہوا کہ حسب آمد تحریر صاحب ہوم سکریٹری بہادر مورخہ ۱۱ جنوری سنہ حال بذریعہ روبکار مورخہ ۱۵ جنوری ۱۹۲۳ء ڈاکٹران کی فیس کا تعین حاضری عدالت کے لئے کرکے احکام جاری ہوچکے ہیں اب صاحب ہوم سکریٹری بہادر بحوالہ تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن صاحب تحریر کرتے ہیں کہ تعین فیس اسپیشل اسسٹنٹ یعنی میڈیکل ڈاکٹر کا بجائے پانچروپیہ کے تین روپیہ کردیا جائے لہذا احکام حسب ضابطہ جاری کئے جائیں کہ اسپیشل اسسٹنٹ یعنی میڈیکل ڈاکٹر کی فیس حاضری عدالت تین روپیہ ہے۔ پانچروپیہ فیس اسپیشل اسسٹنٹ یعنی میڈیکل ڈاکٹر کی نہیں ہے مثل طلب شدہ واپس کیجائے

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۷ مارچ ۱۹۲۳ء

منشی محمد حسن منصرم جیل کی رخصت ایکسال نصف تنخواہ پر اجلاس ہمایون سے منظور ہوگئی ہے لہذا احکام منظوری رخصت ایکسال نصف تنخواہ کی جاری کئے جاویں چونکہ منصرم مذکور کی تنخواہ سے بیس روپیہ بچینگے لہذا اونکی نسبت حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے محمد علیخان ناظر کے سپرد منصرم جیل کا بھی کام کیا جاتا ہے اور اس بقیہ بیس روپیہ میں سے پانچروپیہ ماہوار الاونس اونکو دیا جائیگا اسسٹنٹ ناظر کے سپرد پہلے نظارت کا کام کیا گیا تھا لیکن اونہوں نے تمام کام نظارت خراب کردیا اسلئے اب انکی نظارت کا کام سپرد کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتا مگر منصرم جیل کے کام میں ترتیب نقشہ جات ماہوار کا کام اسسٹنٹ ناظر سے لیا جاوے عظمت علیخان نقلنویس دیوانی مشاہرہ دس روپیہ کو تین روپیہ ماہوار اسی رقم سے دیا جائیگا اور وہ حسب ہدایت محمد علیخان نظارت و منصرمی کا جو کام اون سے لینا مناسب ہوگا وہ کریگا لیکن لہذا جات رجسٹر نظارت و رقوم وغیرہ کی ذمہ داری محمد علیخان کی ہے اب بارہ روپیہ بچتے ہیں وہ ایک شخص کو دی جائینگے جس سے کام نقلنویسی دیوانی کا لیا جائیگا۔ لہذا غلام محی الدین دفتری سشن کا فانی جو لکھا پڑھا اور ہوشیار آدمی ہے نقلنویسی دیوانی کا کام کرے اور بارہ روپیہ اسکو دئے جائینگے غلام محی الدین دفتری کی جگہ کوئی دوسرا شخص مقرر کیا جائیگا اس حکم کا نفاذ بعد واپسی رخصت اشفاق حسین خان اہلمد جیل کے ہوگا۔ لہذا حکم ہوا کہ حسب صراحت بالا احکام جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عطاء اختیارات

۵ اپریل ۱۹۲۳ء

سید آل حسن صاحب بی۔ اے۔ ڈی۔ سی۔ کو (جو بجائے [illegible] خان مرحوم تحصیلدار سوار مقرر ہوئے ہیں) فوجداری میں مجسٹریٹی درجہ دوم اور دیوانی میں منصفی درجہ اول کے اختیارات عطا ہوئے۔

سند وکالت

یکم اپریل ۱۹۲۳ء

مسمے راج بہادر ولد بابو پرشاد کو سند وکالت درجہ دوم مشروط بامتحان عطا ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

واقع ۳ اپریل ۱۹۲۳ء

خزانچی صاحبان نے شب چرنداس گماشتہ ذات خاص کو موقوف کر دیا اور بجائے اُسکے بشن لال گماشتہ مقرر کر دیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام اخراج اسم شب چرنداس و تقرر بشن لال جاری ہوں۔

عرضی خزانچی صاحبان شامل ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۴ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ نائب مہتمم کتب خانہ و معتمد کونسل ولیعہد بہادر صاحب مولوی احمد نبی رجسٹرار کتب خانہ کی رخصت اتفاقیہ [illegible] یوم منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۲۹ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم لفٹنٹ عطاء الرحمن صاحب بی۔ اے۔ ڈی۔ سی۔ کی رخصت ۱۲ یوم منظور ہوئی۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲ لغایۃ ۸ اپریل ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۷ ار		۶ ار	۰۶ ار		۰۷ ار	
نخود خالص	۸ ار		۰	۰۸ ار		۹ ار	
نخود کسہ آمیز	۰۸ ار		۱۲ ار	۹ ار		۰	
کسہ	۹ ار		۱۵ ار	۹ ار		۱۳ ار	
ماش	۸ ار		۰۷ ار	۸ ار		۸ ار	
مونگ	۸ ار		۰۷ ار	۸ ار		۹ ار	
مکا	۹ ار		۱۰ ار	۵ ار		۰۹ ار	
جئی	۱۳ ار			۱۰ ار		۱۳ ار	
گوڑجئی	۹ ار		۱۱ ار	۸ ار		۰	
عدس	۱۰ ار		۱۳ ار	۱۰ ار		۰	
ارہر	۱۰ ار		۰	۱۰ ار		۰	
برنج	۵ ار		۴ ار	۴ ار		۰	
روغن زرد	—۱۱ ار		—۱۱ ار	—۱۱۱ ار		—۱۱ ار	
روغن سیاہ	۱ ار		۱ ار	۱ ار		۲ ار	
روغن کنجد	۱ ار		۰	۳ ار		۱ ار	
نمک سانبھر	۱۱ ار		۱۱ ار	۰		۱۲ ار	
نمک لاہوری	۷ ار		۶ ار	۵ ار		۶ ار	
قند سیاہ	۵ ار		۴ ار	۵ ار		۴ ار	
باجرہ	۰		۰	۰		۸ ار	